# 05-10-2024 Saturday URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ گورنر نے حیدرا کے آرڈیننس کو منظوری دے دی۔

۲۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے سابق مرکزی جی وینکٹ سوامی جن کو پیار سے کاکا بھی کہا جاتا تھا کو حیدرآباد کے رویندرا بھارتی میں منعقدہ ان کے 95 ویں یوم پیدائش کے موقع پر بھرپور خراج عقیدت پیش کیا۔

۳۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راؤ نے انتباہ دیا ہے کہ وہ دن دور نہیں جب وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو اپنی غلط حکمرانی کی وجہ سے عوام اور کسانوں کے غیض وغضب کا سامنا کرنا پڑے گا۔

اور

بیرسٹر اسدالدین اویسی رکن پارلیمنٹ حیدرآباد وصدر کل ہند مجلس اتحادالمسلمین کی قیادت میں مجلس کے ایک وفد نے کمشنر پولیس حیدرآباد سی وی آنند سے ملاقات کی اور یتی نرسنگا نند کے خلاف شکایت کرتے ہوئے پیغمبر اسلامؐ سے متعلق گستاخانہ ریمارکس پر نرسنگا نند کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے سابق مرکزی جی وینکٹ سوامی جن کو پیار سے کاکا بھی کہا جاتا تھا کو حیدرآباد کے رویندرا بھارتی میں منعقدہ ان کے 95 ویں یوم پیدائش کے موقع پر بھرپور خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیراعلیٰ نے تلنگانہ کے لئے کاکا کی خدمات کو یاد کیا اور کہا کہ ریاستی حکومت نے ان کی وراثت کے احترام میں کاکا جینتی کو سرکاری طور پر تسلیم کیا ہے۔ ریڈی نے تلنگانہ کو ریاست کا درجہ دینے کے لئے وکالت پر ان کے رول کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کو ریاست کو درجہ دلانے کے لئے انہوں نے سونیا گاندھی کو رضامند کروایا تھا۔ انہوں نے کئی طرح کی خدمات بشمول تقریباً 80 ہزار غریب خاندانوں کو مکانات کی فراہمی اور ورکرس کے ساتھ یگانگت کے اظہار کے طور پر سنگارینی کالریز کو بچانے کے لئے اٹھ کھڑے ہونے پر ان کے رول کی ستائش کی۔ وزیراعلیٰ نے موسیٰ ندی کے آبگیر علاقہ میں رہنے والوں کی تشویش کو دور کرتے ہوئے یقین دہانی کروائی کہ ان کی حکومت ایسے افراد کی بہبود کے لئے 10 ہزار کروڑ روپے الاٹ کرنے تیار ہے۔ ضرورت پڑنے پر سرکاری اراضی جیسے ملک پیٹ ریس کورس اور عنبر پیٹ پولیس اکیڈیمی کی اراضی کا استعمال مراعات سے محروم افراد کے لئے مکانات کے سلسلہ میں کیا جائے گا۔

☆☆

نظام آباد ضلع کے وڈے پلی گاؤں میں ایک خاندان کے تین ارکان نے مکان میں چھت سے پھانسی لے کر خودکشی کرلی۔ پولیس کے مطابق ہریش آن لائن بیٹنگ کا عادی تھا جس کے نتیجہ میں وہ کافی مقروض ہوگیا تھا۔ زرعی اراضی فروخت کرنے کے باوجود اس کا خاندان قرض کی رقم ادا نہیں کرسکا جس کے نتیجہ میں یہ انتہائی اقدام کیا گیا۔ پولیس نے اس سلسلہ میں ایک معاملہ درج کرکے جانچ کا آغاز کردیا۔

☆☆☆

مرکزی وزیر کوئلہ ومعدنیات کشن ریڈی سکندرآباد تا واسکوڈا گاما خصوصی ٹرین کو اتوار کو سکندرآباد ریلوے اسٹیشن پر جھنڈی دکھائیں گے۔ یہ ٹرین ہفتہ میں دو مرتبہ چلائی جائے گی۔ اس سے تلنگانہ اور گوا کے درمیان راست اور آرام دہ سفر ہوسکے گا۔ جس سے سیاحت، تعلیم اور تجارت جیسے بیشتر

مقاصد کے لئے سفر کرنے والے مسافرین کو سہولت ہوگی۔ وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر، میئر حیدرآباد وجئے لکشمی اور دیگر عہدیدار اس تقریب میں شرکت کریں گے۔

☆☆☆

شوٹنگ مقابلہ میں ہندوستانی پستول شوٹر دیوانشی نے 25 میٹر اسٹانڈرڈ پستول ایونٹ میں دوسرا گولڈ میڈل حاصل کیا۔ انہوں نے پیرو میں منعقدہ آئی ایس ایس ایف جونیر ورلڈ چمپئن شپ میں کلین سوئپ کیا۔ مردوں کے مقابلہ میں سورج شرما نے جونیر مینس اسٹانڈرڈ پستول میں گولڈ میڈل حاصل کیا۔ مکیش نیلاولی جنہوں نے اس مقابلہ میں پہلے ہی چار گولڈ میڈلس حاصل کئے ہیں، اس زمرے میں برونس میڈل پر اکتفاء کیا۔ ہندوستان میڈلس میں سرفہرست ہے، جس نے 21 میڈلس حاصل کئے۔ ان میں 13 گولڈ، 2 سلور اور 6 برونس میڈل شامل ہیں۔

☆☆☆

بیرسٹر اسدالدین اویسی رکن پارلیمنٹ حیدرآباد و صدر کل ہند مجلس اتحادالمسلمین کی قیادت میں مجلس کے ایک وفد نے کمشنر پولیس حیدرآباد سی وی آنند سے ملاقات کی اور یتی نرسنگانند کے خلاف شکایت کرتے ہوئے پیغمبر اسلامؐ سے متعلق گستاخانہ ریمارکس پر نرسنگانند کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔ اس وفد کمشنر پولیس سے خواہش کی کہ نرسنگانند کے خلاف کارروائی کی جائے۔ بعدازاں میڈیا سے بات کرتے ہوئے اسدالدین اویسی نے کہا کہ پیغمبر اسلامؐ کے خلاف یتی نرسنگانند نے قبل ازیں بھی ایسے ہی ریمارکس کئے تھے جس پر اس کو گرفتار کیا گیا تھا اور اس شرط پر اسے ضمانت دی گئی تھی کہ وہ ایسے ریمارکس کا اعادہ نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ اِس یتی نرسنگانند کی ضمانت فوری طور پر منسوخ کی جانی چاہئے۔

☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راؤ نے انتباہ دیا ہے کہ وہ دن دور نہیں جب وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو اپنی غلط حکمرانی کی وجہ سے عوام اور کسانوں کے غیض وغضب کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے رنگاریڈی ضلع کے کندوکور میں کسانوں کے مہادھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کسانوں کو یقین دہانے کروائی کہ فارماسٹی پراجکٹ کے لئے بی آر ایس حکومت کی جانب سے قبل ازیں حاصل کردہ 14 ہزار ایکڑ اراضی انہیں واپس کی جائے گی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ حکومت دیگر مقاصد کے لئے اس اراضی کو منتقل کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ وزیراعلیٰ اپنے خاندان اور کابینی رفقاء کے رئیل اسٹیٹ کے مفادات کو فروغ دینے کا کام کررہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وزیراعلیٰ باوقار فارماسٹی پراجکٹ پر اپنے موقف کا اظہار کریں۔

☆☆☆

کمشنر پولیس حیدرآباد کے طور پر دوبارہ جائزہ حاصل کرنے پر سی وی آنند سے مجتبیٰ عابدی صدر نشین تلنگانہ اردو کونسل اور سینئر قائد میر سیف علی عابدی نے ان سے ملاقات کی اور تہنیت پیش کی۔ کمشنر پولیس سے انہوں نے امید ظاہر کی کہ وہ شہر میں نظم وضبط کی برقراری کو یقینی بنانے میں اہم رول ادا کریں گے۔

☆☆☆

حیدرآباد کے تالابوں اورجھیلوں کے ایف ٹی ایل اور بفرزونس میں غیر مجاز تعمیرات کو منہدم کرنے کیلئے تلنگانہ حکومت کی جانب سے حال ہی میں تشکیل شدہ حیدرآباد ڈیزاسٹر رسپانس اینڈ ایسیٹس مانیٹرنگ اینڈ پروٹکشن (حیدرا) کے آرڈیننس کو گورنرجشنودیو ورمانے منظوری دے دی۔انہوں نے حیدرا کے قانونی موقف سے متعلق اس آرڈیننس پر دستخط کردیئے جس کے ساتھ ہی اس پرعمل شروع ہوگیا۔حیدرا کے قانونی موقف پراپوزیشن نے سوال اٹھائے تھے۔اس سلسلہ میں ہائی کورٹ میں درخواست داخل کی گئی تھی جس پرحکومت نے حیدرا کے قانونی موقف کیلئے آرڈیننس لایا تھا جس کو گورنر نے منظوری دےدی۔

☆☆☆

وزیراعظم مودی نے پی ایم۔کسان اسکیم کی 18ویں قسط جاری کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے 9.4 کروڑ کسانوں کوراست مالی فائدہ حاصل ہوا۔یہ فائدہ 20ہزارکروڑ روپے کا تھا۔مرکزی وزیرزراعت شیوراج سنگھ چوہان،وزیراعلیٰ مہاراشٹراایکناتھ شنڈےاوردیگراہم شخصیات اس موقع پرموجودتھیں۔

☆☆☆

تلنگانہ پولیس اکیڈیمی نے ایک روزہ ورک شاپ کا اہتمام کیا تاکہ ابھرتے ہوئے چیلنجز کا جائزہ لیا جاسکےاوران کی یکسوئی کویقینی بنایا جاسکے۔پولیس کے سینئرعہدیداروں،قانونی ماہرین اورفیکلٹی نے خطاب کرتے ہوئےنئی قانونی شق کے موثر نفاذ کویقینی بنانے تربیت کی ضرورت پرتوجہ مرکوز کی۔ڈی جی پی جتندرجنہوں نے مہمان خصوصی کےطور پرتقریب کی صدارت کی مرحلہ وارطورپرعمل آوری کے دوران ابتدائی چیلنجز سے نمٹنے کے میکانزم کامسلسل جائزہ لیا۔ڈائرکٹرپولیس اکیڈیمی ابھیلاشابھیشٹ نےمسلسل تربیتی ورکشاپ بالخصوص ایسے عہدیداروں کے لئے ان کی ضرورت پرزوردیا جوقانون کے نفاذ میں رول ادا کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ معمول کے ورک شاپ سے عہدیداروں کوقانونی اصلاحات سے ہم آہنگ ہونے میں مدد ملے گی اوراہم شعبہ جات میں مسائل کے یکسوئی،آپریشنل ومنطقی چیلنجز سے نمٹنے میں مدد ملے گی۔ڈی جی پی،سی آئی ڈی شیکھا گوئل نےتفصیلی پریزنٹیشن پیش کیا۔